نیو یارک سٹی

# ارلی انٹروینشن
# پروگرام

نشوونما سے متعلق تاخیر یا معذوریوں میں مبتلا
بچوں اور نونہالوں کے لیے

# بروقت مدد اہمیت رکھتی ہے۔



NYC Health

Urdu

بچے اور نونہالان مختلف طریقے سے سیکھتے اور نمو پاتے ہیں۔ کوئی بچہ ممکن ہے دیر سے بولے۔ دوسرا بچہ ممکن ہے پہلے ہی چلنے لگے۔

آپ کو یہ تشویش ہو سکتی ہے کہ آپ کے بچے کو یا جس بچے کی آپ نگہداشت کرتے ہیں اس کو بولنے، بیٹھنے، گھسٹنے رینگنے، چلنے، کھانے، کھیلنے یا ہدایات کو سمجھنے میں مشکل پیش آ رہی ہے۔

ممکن ہے آپ کے بچے کی ولادت قبل از وقت ہوئی ہو یا وہ بہت چھوٹا ہو۔ شاید وہ آپ میں یا دوسروں میں کم دلچسپی کا مظاہرہ کرے۔ ممکن ہے ڈاکٹر نے آپ کو یہ بتایا ہو کہ آپ کے بچے کو ڈاؤن سنڈروم، دماغی فالج، خود پسندی یا نشونما سے متعلق معذوری لاحق ہے۔

**جب بچوں کو تاخیر اور معذوریوں کے مدنظر بروقت مدد ملتی ہے تو انہیں اپنی پوری لیاقت تک پہنچنے کا بہتر امکان ہوتا ہے۔ ارلی انٹروینشن پروگرام کا عملہ یہ یقینی بنانے کے لیے یہاں پر موجود ہے کہ آپ کے بچے کو زندگی میں ایک عمدہ آغاز ملے۔**



# جتنا پہلے ہو، اتنا ہی بہتر ہے

**اگر آپ کے پاس 3 سال سے کم عمر کا کوئی ایسا بچہ ہے جس کو آپ کے خیال میں تاخیر یا معذوری لاحق ہو سکتی ہے تو ارلی انٹروینشن پروگرام مدد کر سکتا ہے۔**

- سب سے پہلے، ارلی انٹروینشن کی کارروائی میں آپ کی مدد کے لیے ہم ایک سروس کوآرڈینیٹر تفویض کریں گے۔
- ہم آپ کے بچے کو دیکھ کر یہ پتہ کریں گے کہ آیا اسے کوئی تاخیر درپیش ہے اور وہ ارلی انٹروینشن پروگرام کے لیے اہل ہے۔
- اگر آپ کا بچہ ارلی انٹروینشن کے لیے اہل قرار پا جاتا ہے تو ہم آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لیے ایک خصوصی پروگرام تیار کریں گے۔
- ارلی انٹروینشن تھیراپسٹس اور اساتذہ آپ، آپ کے بچے اور آپ کے اہل خانہ کے ساتھ—آپ کے گھر میں، آپ کے بچے کے ڈے کیئر سنٹر پر یا آپ کے بچے کی آیا کے ساتھ—وقت گزاریں گے تاکہ آپ کے بچے کی مدد کرنے کا طریقہ سیکھنے میں آپ کی مدد کی جائے۔
- ہم بہترین ممکنہ نتائج حاصل کرنے کے لیے آپ کے اہل خانہ کے روزمرہ کے معمولات استعمال کرتے ہوئے آپ کے بچے کی مدد کرنے کے لیے آپ کو عملی تجاویز پیش کریں گے اور طریقے تجویز کریں گے۔
- جب آپ کا بچہ اپنی تیسری سالگرہ پر ارلی انٹروینشن سے جدا ہونے کے لیے آمادہ ہوگا تب ہم منتقلی کا ایک منصوبہ بنانے میں آپ کی مدد کریں گے تاکہ آپ اور آپ کے بچے کے لیے جو خدمات درست ہیں ان کا پتہ لگایا جائے۔

**ارلی انٹروینشن پروگرام اس راہ میں ہر قدم پر آپ کا تعاون کرے گا!**



## اگر آپ کے خیال میں آپ کا بچہ تاخیر یا معذوری میں مبتلا ہو سکتا ہے تو مدد دستیاب ہے۔

### ارلی انٹروینشن کے بارے میں مزید جانیں۔

اپنے ڈاکٹر سے بات کریں، **311** پر کال کریں اور ارلی انٹروینشن (Early Intervention) کے بارے میں پوچھیں یا **nyc.gov/health/earlyint** ملاحظہ کریں۔

**ارلی انٹروینشن کی خدمات خاندانوں* کے لیے، آمدنی یا ترک وطنی کی صورتحال سے قطع نظر رازدارانہ، رضاکارانہ اور مفت ہیں۔**

*اگر آپ کے پاس صحت بیمہ، بشمول Medicaid ہے تو، ارلی انٹروینشن کی خدمات کے لیے ادائیگی کرنے کے واسطے انہیں استعمال کیا جائے گا اور آپ پر کوئی براہ راست لاگت نہیں آئے گی۔